© rasailojaraid.com



بھی۔ ہمارا خیال ہے علمی مقالات میں آیاتِ قرآنی اور متونِ حدیث پر اِعراب کا اہتمام کرنا ضروری ہے۔

ڈاکٹر سہیل شفیق نے ۲۱ نئی کتابوں اور رسائل کا تعارف کرایا ہے۔ انھیں مختصر تبصرہ کہہ سکتے ہیں۔ 'انجامِ گلستان' کے عنوان سے مدیرہ نے ڈاکٹر شکیل اوج کے قتل کے حوالے سے نہایت دردمندانہ اداریہ لکھا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ جہاں جہاں ظلم ہو رہا ہے اس کے خلاف احتجاج کرنا اور آواز اُٹھانا ضروری ہے ورنہ خاموشی کا مفہوم یہ ہے کہ ہم ظالم کی حمایت کر رہے ہیں۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**اُونٹ (تخلیق کے اسرار سے جدید طبی فوائد تک)**، ڈاکٹر سیّد صلاح الدین قادری۔ ناشر: فضلی بک، سپر مارکیٹ، نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔ فون: ۳۲۶۲۹۷۲۴-۰۲۱۔ صفحات: ۲۸۸۔ قیمت: درج نہیں۔

''تو کیا یہ اُونٹوں کو نہیں دیکھتے کیسے بنائے گئے؟ (الغاشیہ ۸۸:۱۷)۔ اس آیت قرآنی نے مصنف کو اس علمی، تحقیقی کتاب لکھنے کی طرف توجہ دلائی۔ ۱۲/ابواب کی اس کتاب میں اُونٹ سے متعلّق تمام ہی پہلو زیرِ مطالعہ آ گئے ہیں۔

'قرآن کریم میں اُونٹ کا تذکرہ' پہلا باب ہے۔ وہ ۲۰ آیات بیان کی گئی ہیں جن میں ۱۳ مختلف الفاظ آئے ہیں جو اُونٹ کے لیے بیان ہوئے ہیں۔ اُونٹ کو نہ صرف اللہ کی نشانی کے طور پر بیان کیا گیا ہے بلکہ انسان سے اس پر غور کرنے کا سوال بھی کیا گیا ہے۔ باب کے آخیر میں اُردو اور انگریزی کتب اور مضامین کے حوالے ہیں۔ اس طرح کے حوالے ہر باب کے آخیر میں ہیں۔ بارھویں باب میں تو عربی زبان کے ۱۰۸ الفاظ بیان ہوئے جو مختلف خصوصیات کے حامل اُونٹوں کے لیے مستعمل ہیں۔

'اُونٹ ریگستان کا جہاز' کے حوالے سے سب ہی واقف ہیں۔ اس کتاب میں اُونٹ کی مزید افادیت تفصیل سے بیان ہوئی ہے۔ اس کے خون میں مخصوص قسم کی ضد اجسام ہیں جن کو نیٹو باڈیز کہا جاتا ہے۔ مصنف تحریر کرتے ہیں یہ اپنی ساخت اور فعالیت میں حیرت انگیز ہیں، اس لیے دنیا بھر کی نگاہیں ان پر مرکوز ہوگئی ہیں اور انھوں نے دنیا بھر کے ادویہ ساز اداروں کی فوری توجہ

© rasailojaraid.com